حماس اور اسلامی جہاد موومنٹ کے خطوط کے جواب - 25 /May/ 2021

رہبر انقلاب آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای نے فلسطین اسلامی مزاحمتی تحریک (حماس) کے سیاسی شعبے کے سربراہ جناب اسماعیل ہنیہ اور فلسطینی اسلامی جہاد موومنٹ کے سکریٹری جنرل زیاد نخلیح کے خطوط کے جواب میں ، فلسطین کے غاصبوں کے خلاف جدوجہد کو ظلم کے خلاف مزاحمت قرار دیا اور تاکید کرتے ہوئے فرمایا: "ہمارے دل آپ کی جدوجہد کے میدان میں حاضر ہیں اور ہماری دعائیں آپ کی فتوحات کے تسلسل کے لئے ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔"
رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغامات کا متن حسب ذیل ہے:

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے جوابی خطوط حسب ذیل ہے ؛

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برادر مجاھد جناب اسماعیل ھنیہ اعزّہ اللہ سلام علیکم جناب عالی کا مکتوب جس میں آپ نے فلسطین کے حالیہ جہاد کی تفصیلات و تجزیہ مرقوم فرمایا ہے، موصول ہوا۔ آپ کی جدوجہد ظلم و کفر و استکبار کے خلاف مزاحمت ہے اور ایسی جدوجہد خدائے عزیز و قدیر کی رضا اور اس آیہ کریمہ کی مصداق ہے: اِن تنصُروا اللہَ یَنصُرکُم وَ یُثَبِّت اقدامَکُم۔ اللہ کی مدد سے آپ فتحیاب ہوں گے اور مقدس سرزمین کو غاصبوں کی پلیدگی سے پاک کر دیں گے، ان شاء اللہ! آپ کا بھائی سید علی خامنہ ای پیر ۱۲ شوال ۱۴۴۲ ۳ خرداد ۱۴۰۰ (مطابق 24 مئی 2021)

بسم اللہ الرحمن الرحیم برادر مجاھد جناب زیاد نخالہ وفّقہ اللہ و اعانہ سلام علیکم جناب عالی کا برادرانہ خط موصول ہوا۔ آپ فلسطینی بھائیوں کے عظیم اور کامیاب جہاد نے ساری دنیا میں آپ کے چاہنے والوں کو مسرت بخشیـ ہمارے دل آپ کے جدوجہد کے میدان میں آپ کے ہمراہ ہیں اور ہماری دعائیں آپ کی فتوحات کے دوام اور تسلسل کے لئے ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے جس نے فرمایا: وَ لَیَنصُرَنَّ اللہُ مَن یَنصُرُہ۔ آپ نصرت خداوندی سے ان شاء اللہ حتمی فتح کا منظر دیکھیں گے۔ آپ کا بھائی سید علی خامنہ ای پیر ۱۲ شوال ۱۴۴۲ ۳ خرداد ۱۴۰۰ (مطابق 24 مئی 2021)